صبر کرو۔ پس جب میں مارا جاؤں تو ہرگز منہ نہ پیٹنا اور بال اپنے نہ نوچنا اور گریبان چاک نہ کرنا۔ کہ تم فاطمہ زہرا رضہ کی بیٹی ہو۔ جیسا انہوں نے پیغمبر خدا کی مصیبت میں صبر فرمایا تھا۔ اسی طرح تم بھی میری مصیبت میں صبر فرمانا۔ اس سے زیادہ واضح دلائل اس امر کی کہ شہداء نے اپنی ہمشیرہ کو آخری وقت میں یہ وصیت فرما دی۔ کہ میری شہادت پر جزع فزع نہ کرنا۔ نہ منہ پیٹنا نہ بال نوچنا۔ نہ گریبان چاک کرنا۔ بلکہ ایسا ہی صبر کرنا۔ جیسا جناب سیدہ نے وفات رسولؐ پر صبر کیا۔ پھر جو لوگ اس کے خلاف ماتم حسین میں اس قدر طوفان بے تمیزی برپا کرتے ہیں۔ کہ عورتیں۔ مرد جمع ہو کر سینہ کوٹتے منہ پیٹتے ہائے وائے کی دہائی سے زمین ہلا دیتے ہیں۔ یہ سید الشہدا حضرت امام حسین کے حکم کی نافرمانی کرتے ہیں ؎

نہ اس پر بھی اگر سمجھو۔ تو پھر تم سے خدا سمجھے

فی زمانہ جو رواج ہو گیا ہے۔ کہ مجلس ماتم میں جوان مرد اور جوان عورتیں زرق برق پوشاکیں پہنے آنکھوں میں کاجل لگائے بالوں کو معطر تیل لگا کر کنگھی پٹی کئے ایک دوسرے کی دید بازی کے لئے جمع ہو جاتے ہیں اور راگ ممنوع میں سر اور تال سے مرثیہ خوانی ہوتی اور سینہ زنی کی جاتی ہے۔ اور تعزیہ پر نذر و نیاز چڑھائے جاتے ہیں سجدے ہوتے اور عرضیاں گذاری جاتی ہیں۔ یہ سب شرک اور بدعت ہے۔ جس کی مخالفت نہ کتب اہل السنۃ بلکہ کتب اہل تشیع میں بھی بالتشریح لکھی ہے چنانچہ شیعہ کی ایک نہایت معتبر کتاب تفسیر عمدۃ البیان مطبع یوسفی دہلی کے صفحہ ۳۲۸ پر ذیل آیۃ وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ الخ یوں لکھا ہے۔ یہ آیت حقیقت میں امام حسین کے حق میں نازل ہوئی ہے اس واسطے کہ جو کچھ آیت میں ہے۔ وہ انکے حال پر صادق آتا ہے اور دوسرے شخص کو ہم ایسا نہیں کہتے اور یہ معرکہ آنحضرت کا بڑا معرکہ ہے ہے۔ اور رونا رولانا انکی مصیبت پر ثواب عظیم رکھتا ہے۔ لیکن اکثر آدمی محرم میں بدعت کر کے ثواب کو ضائع کرتے ہیں۔ باجے بجاتے اور بجواتے ہیں اور مرثیوں میں جھوٹی روائتیں اپنی طرف سے ایجاد کر کے داخل کر لیتے ہیں۔ اور غلو

تفویض کی روائتوں کو مجلسوں میں بیان کر کے لوگوں کے ایمان کو فاسد کرتے ہیں۔
اور جو راگ کہ شرع میں ممنوع ہیں۔ ان میں مرثیوں کو پڑھتے ہیں اور عورتیں بلند آواز
سے مرثیوں کو پڑھتی ہیں اور نامحرم ان کی آواز کو سنتے ہیں۔ ان امور میں مومنین کو
اجتناب لازم ہے اور تعزیوں پر محتاج آدمی تو اپنی احتیاج کی عرضیاں باندھتے ہیں۔
یا کاغذ کی روٹی کترواکر باندھتے ہیں، اس مراد سے کہ اگر میری آسودگی اور فراغت ہوئی تو
میں چاندی کی روٹی گھڑواکر تعزیہ پر چڑھاؤنگا اور بے اولاد آدمی کاغذ کا لڑکا تعزیہ پر باندھتے
ہیں اس ارادہ سے کہ اگر ہمارے گھر بیٹا پیدا ہوگا تو ہم چاندی کا لڑکا گھڑواکر تعزیہ پر چڑھاینگے
اول کہ یہ تصویر انسانی ہے اور تصویر کے بنانے سے اجتناب لازم ہے اور سوا اس کے حاجت کا
طلب کرنا پروردگار سے چاہیئے کہ وہ قاضی الحاجات ہے نہ غیر اس کا۔ ہاں حضرات ائمہ معصومین
علیہ السلام سے شفاعت کا چاہنا کہ خدا تعالی ہماری حاجت برلاوے اور
انکے واسطے دعا مانگنا موجب قضائے حاجت اور باعث حصول مقصد
ہے۔ جیسے کہ احادیث میں وارد ہوا ہے ۔ اور بعض جہلا تعزیہ کو سجدہ کرتے
ہیں یہ طریقہ کفار و مشرکین کا ہے۔ اس سے پرہیز کرنا واجب ہے۔ اور تعزیہ
اور علم پر زیارت کا نہ پڑھنا چاہیئے، البتہ اگر کربلا معلےٰ کی طرف منہ کر کے حضرت
امام حسین کے روضہ کی نیت سے زیارت پڑھے تو مضائقہ نہیں ہے۔ دیکھئے
سید عمار علی جو ایک غالی شیعہ ہے۔ وہ بھی اپنی کتاب میں بدعات تعزیہ کی
سخت مذمت کرتا ہے۔ کیا شیعہ ان بدعات سے باز آئینگے۔ یہ ماتم بھی عجیب
ہے۔ کہ ڈھول بجا کر گتکہ بازی کی جاتی ہے۔ تعزیہ کے ہمراہ شاہدان بازاری
کا جھمگھٹا ہوتا ہے۔ جو سر و پا برہنہ تعزیہ کے آگے سلامی کرتی جاتی ہیں۔ دیدہ
باز لوگ اس دلفریب منظر کو غنیمت سمجھ کر حظ اٹھاتے ہیں۔ کیا یہ یزیدی گروہ
کے جشن کی نقالی نہیں ہے۔ جنہوں نے جناب امام حسینؑ کو شہید کر کے
ڈھول و باجے بجائے اور محفلہائے شادمانی قائم کیں۔ ہاں ہمیں یہ تو بتایا جائے
کہ قاتلان حسینؑ کون لوگ تھے۔ یہ مخلصان شیعہ تھے۔ جس پر کتب شیعہ

بالاتفاق شاہد ہیں۔

قاتلانِ حسینؑ شیعہ تھے

شیعہ کی کتابوں میں بالتصریح لکھا ہے۔ کہ حضرت امام حسینؓ کو اہل کوفہ نے۔ جو شیعان علی کا مولد اور مسکن تھے۔ بے تعداد تاکیدی خطوط لکھ کر بلوایا۔ آپ نے پہلے اپنے عمزاد بھائی حضرت امام مسلم رضؓ کو روانہ کیا۔ ان کو معہ ان کے صغیر السن دو صاحبزادوں کے بڑی بے دردی سے شہید کیا گیا۔ پھر جب امام والا ہمام پہنچے۔ آپ کو بھی انہی شیعوں نے۔ جو آپ کی بیعت کر چکے تھے شہید کیا۔

شیعان کوفہ کی خط و کتابت

شیعہ کی مستند کتاب اخبار ماتم مطبوعہ رامپور صہ ۲۸ میں لکھا ہے۔ وَبَلَغَ اَهْلَ الْكُوْفَةِ هَلَاكُ مُعَاوِيَةَ وَعَرَفُوْا خَبَرَ الْحُسَيْنِ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَاجْتَمَعَتِ الشِّيْعَةُ فَكَتَبُوْا اِلَيْهِ ثُمَّ سَرَّحُوْا بِالْكِتَابِ مَعَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مِسْمَعٍ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ وَالٍ فَخَرَجَا مُسْرِعَيْنِ حَتّٰى قَدِمَا عَلَى الْحُسَيْنِ بِمَكَّةَ بِعَشْرٍ مَضَيْنَ مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ۔ (جب امیر معاویہ کی خبر وفات اہل کوفہ کو پہنچی۔ اور امام حسینؓ کی ہجرت مکہ کا حال معلوم ہوا تو تمام شیعہ نے مجتمع ہو کر بالاتفاق آپ کی طرف خط لکھا اور عبد اللہ بن مسمع اور عبد اللہ بن وال کے ہاتھ وہ خط روانہ کیا۔ یہ دونوں قاصد دوڑتے ہوئے مکہ معظمہ میں ۱۰ ماہ رمضان کو امام صاحب کی خدمت میں پہنچے) یہ سلسلہ یوں ہی جاری رہا۔ کہ ایک دن میں چھ سو خطوط آپ کے پاس جا پہنچے۔ اور بالآخر ان خطوط کی تعداد بارہ ہزار تک پہنچ گئی۔ چنانچہ کتاب مذکور کے صفحہ مذکورہ میں ہے۔ فَوَرَدَ عَلَيْهِ فِيْ يَوْمٍ وَاحِدٍ سِتَّةُ مِائَةِ كِتَابٍ وَتَوَاتَرَتِ الْكُتُبُ حَتَّى اجْتَمَعَ عِنْدَهُ اِثْنَا عَشَرَ اَلْفَ كِتَابٍ یعنی امام صاحب کے پاس متواتر خط

شیعوں کے مختلف جگہ سے بارہ ہزار جمع ہو گئے۔ اور شبعی نے روایت کی ہے

وَبَایَعَ الْحُسَیْنَ عَلَیْہِ السَّلَامُ اَرْبَعُوْنَ اَلْفًا مِنْ اَھْلِ کُوْفَۃَ عَلٰی اَنْ یُحَارِبُوْا مَنْ حَارَبَ وَیُسَالِمُوْا مَنْ سَالَمَ (یعنی چالیس ہزار کوفہ کے شیعان نے امام صاحب کی بیعت اس بات پر کی۔ کہ اگر وہ لڑینگے۔ تو ہم لڑینگے۔ اگر وہ صلح کریں۔ تو ہم ہر حال میں انکے تابعدار اور مطیع ہیں۔ آخر الامر امام صاحب نے مجبور ہو کر ان کی آرزو کے مطابق خط روانہ کیا۔

فَعِنْدَ ذٰلِکَ رَدَّ جَوَابَ کُتُبِھِمْ یُمَنِّیْھِمْ بِالْقَبُوْلِ وَیَعِدُھُمْ بِسُرْعَۃِ الْوُصُوْلِ (یعنے امام صاحب نے انکے خطوط کا جواب مطابق اُنکی دلی خواہش کے روانہ فرمایا اور وعدہ بہت جلدی کوفہ میں تشریف فرمانے کا دیا۔ اور سفر کوفہ کا قصد مصمم امام صاحب کا ہوا الخ) شیعہ کی معتبر کتاب خلاصۃ المصائب ۵۱۲ میں ہے۔ کہ جب امام حسینؑ ظلم اعداء سے تنگ آکر مرقد مطہر رسول خدا صلعم سے جدا ہوئے تیسری تاریخ شعبان کو مکہ معظمہ میں کوفیاں پر دغا نے نامے علے الانفصال حضرت کی خدمت میں بھیجے۔ بعض ناموں کا مضمون یہ تھا۔ لَیْسَ عَلَیْنَا اِمَامٌ فَاَقْبِلْ لَعَلَّ اللّٰہُ اَنْ یَّجْمَعَنَا بِکَ عَلَی الْحَقِّ۔ یعنی اے حضرت ہم امام و پیشوا نہیں رکھتے جلدی تشریف لایئے۔ شاید خدا حق کو ہمارے ہاتھ میں جاری کر دے۔ اور شیث بن ربعی وغیرہ شیعہ نے بایں طور پر خط لکھ کر روانہ کیا۔ اَمَّا بَعْدُ فَقَدِ اخْضَرَّتِ الْجَنَّاتُ وَاَیْنَعَتِ الثِّمَارُ فَاقْدِمْ عَلَیْنَا لَکَ جُنْدٌ عَلٰی جُنْدٍ وَالسَّلَامُ (یعنی بعد حمد و صلوات کے تحقیق صحرا و بیابان سبز و خورمی میں ہیں۔ اور درخت میوہ جات بارور ہیں۔ پس آپ ہماری طرف تشریف لائے۔ کہ فوج کثیر آپ کی نصرت و امداد کے لئے مہیا ہے اور شب روز انتظار کرتے ہیں الخ) نیز کتاب مذکور ص۵۶ میں لکھا ہے۔ کہ جب امام علیہ السلام کو راستہ میں خبر شہادت امام مسلم کی ہوئی۔ تو آپ نے تمام لشکر جمع کیا اور فرمایا۔ وَقَدْ خَذَلَنَا شِیْعَتُنَا فَمَنْ اَحَبَّ مِنْکُمُ الْاِنْصِرَافَ فَلْیَنْصَرِفْ

فی غَیرِ حَرَجٍ لَیسَ عَلَیہِ ذِمَامٌ الخ اس عبارت سے صاف معلوم ہوا ہے کہ آپ کو ذلیل و خوار کرنے والے شیعہ ہی لوگ تھے۔ کیونکہ آپ نے فرمایا۔ کہ بیشک ہمیں ہمارے شیعہ نے بلا کر خوار کیا۔ اور نفرت سے ہاتھ اٹھالیا پس اب جو چاہے واپس چلا جائے۔ جو چاہے ہمارے ساتھ رہے۔ جو چلا جائے اسے کوئی حرج نہیں ہو گا۔ اس کے آگے لکھا ہے۔ کہ امام صاحب سے یہ بات سنکر بہت سے دنیا پرست لوگ آپ سے علیحدہ ہو گئے۔ جو مدینہ سے آپ کے ساتھ آئے انہوں نے شہادت پائی امام علیہ السلام نے بعد نماز جو خطبہ پڑھا۔ اس میں یہ الفاظ تھے۔ یَا اَیُّھَا النَّاسُ اِنِّی لَمْ اٰتِکُمْ حَتّٰی اَتَتْنِیْ کُتُبُکُمْ وَاِنْ کُنْتُمْ کَارِھِیْنَ لِمَقْدَمِیْ اِنْصَرَفْتُ عَنْکُمْ۔ اے اہل کوفہ میں نہیں آیا۔ مگر جب تمہارے بہت نامے میری طلب کو پہنچے۔ اگر تم عہد و پیمان پر ثابت ہو۔ تو تازہ عہد کرو۔ تاکہ مجھے اطمینان ہو۔ اور اگر تم میرے آنے سے منکر ہو تو میں جہاں سے آیا ہوں وہاں پھر لوٹ جاؤں الخ۔

شیعہ کا ایک خط

شیعہ کی مستند کتاب جلاء العیون جلد ۲ صفحہ ۳۱۴ میں ایک خط شیعہ کوفہ کا بدیں مضمون مسطور ہے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ یہ نامہ سلیمان بن صرد و مسیب بن نجبہ و رفاعہ بن شداد و حبیب بن مظاہر اور جمیع شیعیان و مومنین و مسلمین اہل کوفہ کی جانب سے بخدمت امام حسینؑ بن علیؑ بن ابی طالب علیہ السلام ہے۔ آپ پر سلام خدا ہو۔ اور ہم اس نعمتہائے کاملہ خدا پر جو ہم پر ہیں۔ حمد کرتے ہیں۔ اور ہم خدا کا شکر کرتے ہیں۔ کہ اس نے آپ کے دشمن جبار و معاند کو کہ بغیر رضامندی امت ان پر حاکم ہوا تھا ہلاک کیا اور وہ بجور و عدوان امت پر حاکم ہوا۔ اور ان کے اموال میں ناحق تصرف کیا۔ اور نیکان امت کو قتل کیا۔ اور بداطواروں کو نیکوں پر مسلط کیا۔ اور اموال خدا کو مالداروں اور جباروں پر تقسیم کیا۔ خدا اسے

نفرین کرے - جس طرح قوم ثمود پر نفرین کی - اور واضح ہو - کہ اس وقت ہمارا کوئی امام و پیشوا نہیں - پس آپ ہماری طرف توجہ کیجئے اور ہمارے شہر میں قدم رنجہ فرمائیے - کہ ہم سب آپ کے مطیع ہیں - شاید اللہ تعالےٰ حق کو آپ کی برکت سے ظاہر کرے - اور نعمان بن بشیر حاکم نہایت ذلیل و خوار دار الامارۃ میں بیٹھا ہے - اور ہم جمعہ و عیدین کو وہاں پڑھنے نہیں جاتے ہیں اور جب آپ کی خبر تشریف آوری کی ہم کو ملے گی تو ہم اسے کوفہ سے نکال دینگے -

دوسرا خط

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

یہ عریضہ شیعوں اور فدویوں و مخلصوں کی طرف سے بخدمت امام حسینؑ بن علیؑ بن ابی طالب ہے - اما بعد بہت جلد آپ اپنے دوستوں ہوا خواہوں کے پاس تشریف لائیے - کہ جمیع مردان ولایت منتظر قدوم میمنت لزوم ہیں اور بغیر آپ کے دوسرے شخص کی طرف لوگوں کو رغبت نہیں - البتہ بہ تعجیل تمام ہم مشتاقوں کے پاس تشریف لائیے - والسلام جلاؤ العیون صہ ۴۳۱

امام حسین علیہ السلام کا جواب

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ - یہ خط حسینؑ بن علیؑ کا مومنوں مسلمانوں شیعیان کیطرف ہے - اما بعد بہت قاصدوں اور بیشمار خطوط آنے کے بعد جو تم نے مجھے خط ہانی و سعید کے ہاتھ بھیجا مجھے پہنچا - تمہارے سب خطوط سے مطلع ہوا - تم نے سب خطوط میں مجھے لکھا ہے - کہ ہمارا کوئی امام نہیں - آپ بہت جلدی تشریف لائیے - خدا آپ کی برکت سے ہم کو بحق ہدایت کرے - واضح ہو کہ میں بالفعل تمہارے پاس اپنے برادر و پسر عم و محل اعتماد مسلم بن عقیل کو بھیجتا ہوں - اگر مسلم مجھے لکھیں - کہ جو تم نے مجھے خطوط میں لکھا ہے - بمشورہ عقلاء و دانایان و اشراف

وبزرگان قوم لکھا ہے۔ اسیوقت میں انشاء اللہ بہت جلدی تمہارے پاس چلا آؤنگا میں اپنی جان کی قسم کھاتا ہوں امام وہی ہے۔ جو درمیان مردم بکتاب خدا حکم اور آیت قیام کرے۔ اور قدم جادۂ شریعت مقدسہ سے باہر نہ رکھے اور لوگوں کو دین حق پر مستقیم رکھے (جلاؤ العیون ص۲۳۱) اس تمام خط وکتابت کے پڑھنے سے واضح ہوتا ہے۔ کہ شیعان کوفہ نے کس منت وسماجت سے ارادتمندانہ اور مخلصانہ خطوط لکھکر امام علیہ السلام کو بلوایا۔ اور آخر انہی بلانے والے مخلص شیعوں نے آپ کو تیغ جفا سے شہید کیا۔ جیساکہ جلاؤ العیون جلد ۲ ص۴۸۹۔ میں تصریح ہے۔ پس بیس ہزار مردم عراقی نے امام حسینؑ سے بیعت کی تھی۔ خود انہوں نے شمشیر امام حسین پر کھینچی۔ اور تلوار بیعت ہائے حسین ان کی گردنوں میں تھی۔ کہ امام حسین کو شہید کیا۔ اسی کتاب کے ص۴۶۹ میں لکھا ہے۔ کہ امام نے شیعان کوفہ کو میدان کربلا میں کہا۔ کہ تم نے مجھے طلب کیا۔ اور اظہار ہمت کے دم بھرے اور اب میری جان کو قتل کرنا چاہتے ہو۔ اور حالانکہ میری طرف سے کوئی ابتک بیوفائی کی بات بہ نسبت تمہارے واقعہ نہیں ہوئی۔

ماتم حسینؑ کی ابتداء

کتب شیعہ میں اس امر کی بھی تصریح ہے۔ کہ امام مظلوم کو شہید کردینے کے بعد ماتم حسینؑ کرنے والے بھی وہی آپ کے قاتل شیعہ غداران کوفہ تھے۔ چنانچہ شیعہ کی معتبر کتاب اخبار ماتم ص۳۸۲ میں ہے کہ جب امام صاحب شہید ہوگئے۔ تو اہل کوفہ وغیرہ نے اس قدر ماتم کیا۔ کہ کسی کو ضبط کرنے کی تاب نہ رہی فَجَعَلَ اَهْلُ الْكُوفَةِ يَنُوحُونَ وَيَبْكُونَ تب ابن حسینؑ نے فرمایا۔ فَقَالَ عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بِصَوْتٍ ضَئِيلٍ اَتَبْكُونَ مِنْ اَجْلِنَا فَمَنْ ذَا الَّذِي قَتَلَنَا۔ یعنی جب شیعان کوفہ نے ماتم برپا کیا تو فرمایا زین العابدینؓ نے باریک آواز سے اب تم لوگ روتے اور چلاتے ہو ہمارے لئے یہ تو بتاؤ کہ ہمیں ذبح کس نے کیا۔ (یعنی تم ہی تو ہمارے

قاتل ہو پھر رونے اور چلانے کے کیا معنے) اسی کتاب کے صہ۸۱ میں ہے۔ کہ
حضرت ام کلثوم نے اہل کوفہ کو مخاطب کرکے فرمایا۔ ثُمَّ اِنَّ کُلْثُوْمَ اَطْلَعَتْ
رَاْسَهَا مِنَ الْمَحْمِلِ وَقَالَتْ لَهُمْ مَه یَا اَهْلَ الْکُوْفَةِ تَقْتُلُنَا رِجَالُکُمْ
وَتَبْکِیْنَا نِسَاءُکُمْ فَالْحَاکِمُ بَیْنَنَا وَبَیْنَکُمُ اللّٰهُ یَوْمَ الْفَصْلِ الْقَضَا یا (یعنی
مائی صاحبہ ام کلثوم نے محل سے اپنا سر نکال کر فرمایا۔ کہ چپ رہو اے کوفیو۔
تمہارے مردوں نے ہمیں قتل کیا۔ اور تمہاری عورتیں ہم پر روتی ہیں۔ عجب ہے،
بروز قیامت ہمارے اور تمہارے درمیان خدا خود فیصلہ کرے گا۔ اور بدکرداروں
کو جہنم واصل کریگا) اخبار ماتم صہ۲۲ میں ہے۔ کہ حضرت امام زین العابدین نے
فرمایا۔ اَیُّهَا النَّاسُ نَاشَدْتُکُمْ بِاللّٰهِ هَلْ تَعْلَمُوْنَ اَنَّکُمْ کَتَبْتُمْ اِلٰی اَبِیْ
وَخَدَعْتُمُوْهُ (یعنی اے گروہ مردمان قسم ہے پروردگار کی تم سچ کہو۔ جو میں
کہتا ہوں۔ کہ تم نے کس قدر خط میرے والد بزرگوار کے نام تحریر کئے تھے پھر تم نے
میرے باپ کا ساتھ چھوڑ دیا اور ظلم وستم پر کمر باندھ لی۔

حضرت زینبؓ کا خطبہ

اخبار ماتم صہ۵۰ میں ہے۔ کہ حضرت زینبؓ نے جب اہل کوفہ کا رونا پیٹنا دیکھا۔ تو
آپ نے ایک خطبہ پڑھا۔ جس میں ان بیوفا شیعون قاتلان حسینؑ کو بددعا دیگئی
قَالَتْ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَالصَّلٰوةُ عَلٰی اَبِیْ مُحَمَّدٍ وَاٰلِهِ الطَّیِّبِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَیَا اَهْلَ
الْکُوْفَةِ اَتَبْکُوْنَ وَتَنْحَبُوْنَ اِیْ وَاللّٰهِ فَابْکُوْا کَثِیْرًا وَاضْحَکُوْا قَلِیْلًا (یعنی
فرمایا مائی صاحبہ نے بعد حمد وصلوٰۃ کے کہ اے اہل کوفہ اب تم روتے اور رقت
کرتے ہو۔ اللہ کی قسم روتے پھرو تم بہت اور تھوڑے ہنسو (یعنی ہمیشہ روتے
پیٹتے رہو اور ہنسی کبھی تمہارے نصیب نہ ہو کسی پنجابی شاعر نے مائی صاحبہ
کے خطبہ کا مضمون پنجابی شعروں میں حسب ذیل کیا ہے۔

مائی صاحبہؓ کی بددعا

جسدن ماتم قائم کیتا کوفیاں بے ایماناں
خاطر کارن اہل البیتاں کھولیاں خوب باناں

کھلیاں ہابیں وین الائے ماتم سخت اُٹھایا
مرثیہ پڑھدے ڈھول وجاندے ہر ہے شور مچایا

بھین امام حسینؓ ولیدی سُنکے ایہ فرماوے
کہیا شور کرکارا ہوکو وچ کنا ندے آوے

ماتم والیاں بول الایا سُن توں سید زادی
دین دنبیدی اندر دائم عزت رہے تسادی

ماتم ویر تیرے دا کردے روندے زاروزاری
بی بی کہیا چپ کرو تاں دساں حقیقت ساری

سُن کے سخن ہوئے اوہ ساکت بی بی نے فرمایا
واہ سبحان اللہ کیا مطلب بی بی کھول سنایا

میں تعریف کراں اس بدی جس نبی ملک وسایا
پڑھاں درود رسول اللہ تے جیسدا شان سوایا

جس نے سچیاں خبراں سب تھیں ظاہر کر دکھلایاں
جس نے خبراں صبر والیاں سانوں کھول سنایاں

کراں دعا خداوندا گے سچے دلوں زباناں
شالا روندے پٹدے جاو سارے اس جہانوں

خوشی تسانوں کدی نہ ہووے نا رب کدی ہساوے
روز حشر تک وقت تساڈا انہویں رب لنگھاوے

ہئی دعا قبول مائی دی کیتی پاک الٰہی
دیکھو ہن تک سارا ٹولہ ہے اندر گمراہی

ہر سال جدھے ایہہ ماتم کردے رب تھیں مل نہ ڈردے
دل وچ ہتک امام مکرم حسرت حسرہ کردے

پہلا ماتمی یزید ہے

اخبار ماتم میں یہ بھی لکھا ہے۔ کہ سب سے اول ماتم یزید عنید کے گھر ہوا۔ اس لئے ماتم گویا یزید کی سنت ہے۔ باقی سب ماتمی اس کے متبع ہیں۔ چنانچہ اخبار ماتم صفحہ ۹ میں ہے۔ لَمَّا جَلَسْنَا بَيْنَ يَزِيدَ رَقَّ لَنَا وَالْطَفَنَا وَاَمَرَ بِاَهْلِ بَيْتِ حُسَيْنٍ اَنْ يَدْخُلُوا دَارَهُ فَلَمَّا اَنْ خَلَتِ النِّسْوَةُ دَارَ يَزِيدَ لَمْ يَبْقَ مِنْ آلِ مُعَاوِيَةَ وَاَبِيْ سُفْيَانَ اَحَدٌ اِلَّا اسْتَقْبَلَهُنَّ بِالْبُكَاءِ وَالصُّرَاخِ وَالصِّيَاحِ وَالنِّيَاحَةِ عَلَى الْحُسَيْنِ وَخَرَجَتْ هِنْدَةُ حَتّٰى شَقَّتِ السِّتْرَ وَهِيَ حَاسِرَةٌ فَقَالَتْ يَا يَزِيدُ رَأْسُ بْنِ فَاطِمَةَ مَصْلُوبٌ عَلٰى فِنَاءِ بَابِيْ فَوَثَبَ اِلَيْهَا

يَزِيدُ فَغَطَّاهَا وَقَالَ نَعَمْ فَاعْوِلِي عَلَيْهِ يَاهِنْدَةُ وَالْقِيْنَ مَا عَلَيْهِنَّ مِنَ الثِّيَابِ وَالْحُلِيِّ وَاَقِمْنَ الْمَاتَمَ عَلَيْهِ ثَلَاثَ اَيَّامٍ وَجَلَ اَهْلُ الْكُوْفَةِ يَنُوحُوْنَ وَيَبْكُوْنَ فَقَالَتْ زَيْنَبُ مَاهٰذَا الْبُكَاءُ فَقَالُوْا لِاَجْلِ اَخِيْكِ وَاَشَارَتْ اِلَى النَّاسِ اُسْكُتُوْا فَسَلَتِ الْاَجْرَاسُ وَارْتَعَدَتِ الْاَنْفَاسُ فَقَالَتْ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الخ (جب اہل بیت یزید کے سامنے لائے گئے۔ بڑی نرمی اور مہربانی سے پیش آیا۔ اور اہل بیت کے لئے حکم کیا۔ کہ میرے گھر داخل کئے جائیں۔ جب مستورات یزید کے گھر داخل ہوئیں۔ بنو سفیان کی تمام عورتیں رونے چیخنے لگیں۔ اور امام حسین پر نوحہ شروع کر دیا۔ ہندہ زوجہ یزید پردہ پھاڑ کر برہنہ بدن باہر نکل پڑی۔ اور کہنے لگی۔ اے یزید کیا جگر گوشۂ فاطمہ رضؓ (حسینؓ) کا سر مبارک نیزہ پر تانا ہوا میرے گھر کے دروازہ پر رکھا ہوا ہے۔ یزید اپنی عورت کے پاس کود کر گیا۔ اور اسکو کپڑوں سے ڈھانکا۔ اور کہا ہاں۔ تم اس پر ماتم کرو۔ کپڑے اور زیور اس پر اتار پھینکو۔ اور تین دن صف ماتم بچھائے رکھو۔ اس پر اہل کوفہ ماتم کرنے اور رونے پیٹنے لگے۔ تو حضرت زینبؓ (ہمشیرہ امام حسین) نے کہا یہ شور و فغان کیسا ہے لوگوں نے کہا تمہارے بھائی کا ماتم ہے۔ بی بی صاحبہ نے کہا۔ چپ کرو۔ گھڑیال چپ کرائے گئے اور شور بند ہوا۔ تو آپ فصیح و بلیغ خطبہ پڑھنے لگیں (جس میں بددعا کی گئی) شیعہ غور کریں۔ کہ وہ ماتم کرنے میں کسی کی اتباع کرتے ہیں۔ اور پہلا ماتمی کون شخص ہے۔ اور کس کے گھر سے پہلے یہ رسم شروع ہوئی۔ جب شیعہ کی معتبر کتب میں تصریح ہے۔ کہ ماتم کرنیوالوں کا پہلا امام یزید عنید ہے۔ تو اُن کو شرم کرنا چاہئے۔ کہ کس کی تقلید کر رہے ہیں ایک شاعر نے کیسا عبرت آموز مضمون اس کے متعلق نظم میں بیان کیا ہے ؎

نظم اُردو

بے ادب کون تھا اور ظلم کمایا کس نے	ابن حیدر کو تھا کوفہ میں بلایا کس نے

کس نے خط بھیجے ذرا دیکھو کتابیں اپنی — سچ کہو جھوٹ نہ کہنا کہ رلایا کس نے

آل سرورؑ کے دلانے پہ چلا کر خنجر — دشت پر کرب و بلا میں تھا لٹایا کس نے

وہ حسین ابن علیؑ لخت جگر پاک نبیؐ — نور زہراؓ کی شعاعوں کو بجھایا کس نے

تھا جو گلزار محمد کا تازہ پودا — آتش جور و جفا سے تھا جلایا کس نے

فخر اسلام کو بل یوسف ثانی کو وہاں — قتل کر رتبۂ اسلام گھٹایا کس نے

قتل احمد تھا وہ لاریب جو تھا قتل حسینؑ — سچ کہو خون پیغمبر کا بہایا کس نے

کس نے تشنوں پہ کیا بند تھا پانی پینا — بہتی ندیوں سے تھا پھر مار ہٹایا کس نے

خانہ زہرا کے جلانے کی ہے تہمت کن پر — خیمہ کو کرب و بلا میں تھا جلایا کس نے

حضرت فاطمہؓ زہرا کے جگر کی دولت — دشت پر خار میں لی لوٹ لٹایا کس نے

ایک کو ایک سے دعوے تھا محبت بڑھکر — حیف اس عہد محبت کو بھلایا کس نے

اہل تطہیر جو تھیں پردہ نشیناں امام — دربدر خاک بسران کو پھرایا کس نے

گھر میں بیٹھے تھے بہ آرام جو مردان خدا — لکھ کے خط مکہ سے تھا انکو بلایا کس نے

پر جبریل کے سایہ میں جو رہتے تھے سدا — خاک اور دھوپ میں تھا انکو گرایا کس نے

ہوگیا تیروں سے چھلنی تھا وہ جسم اطہر — روش نورانی پہ تھا گھوڑا دوڑایا کس نے

بوسہ گاہ پاک محمد جو تھے انور شفتین — پے بہ پے لکڑی کو تھا ان پہ چلایا کس نے

دوش سرور پہ سواری تھے جو کرتے رہتے — زیر پاؤں کے گرا ان کو روندایا کس نے

دیگر

یہ تھا شیعان علی کا سب جور و جفا — ہے جو انکی معتبر کل کتب میں لکھا ہوا

دیکھ لو تم کوفہ کے وہ جملہ شیعان علیؓ — قلب کے کوڑھی تھے وہ اور پر دغل تھے وہ سوا

جلتے سب خطوات پر جن کے محبان حسین — روتے ہیں اور سینہ کوبی سے نہیں ٹلتے ذرا

کام انکا ہے یہی ابار اور اجداد سے — جل بسینگے اس جہاں سی کرتے یہ آہ و بکا

ایک اور دلیل

ماتم کے ناجائز ہونے پر ایک اور روشن دلیل یہ ہے۔ کہ قرآن کریم پارہ ۲ میں ہے

وَلَا تَقُولُوا لِمَن يُقْتَلُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ أَمْوَاتٌ (یعنی جو لوگ خدا کی راہ میں شہید ہوں۔ انکو مردے مت کہو، نیز پارہ ۴ میں ہے وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِينَ قُتِلُوا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ أَمْوَاتًا (یعنی جو خدا کی راہ میں شہید ہو جائیں اُنکی نسبت مُردے ہونے کا گمان بھی نہ کرنا پھر سید الشہدا کو مردہ قرار دیکران کا ماتم کرنا ... کی ان آیات کی تکذیب کرنا ہے۔ تعزیہ کے عدم جواز پر ایک اور دلیل یہ ہے کہ کتاب من لا یحضرہ الفقیہ صہ ۳۷ میں ہے مَنْ جَدَّدَ قَبْرًا اَوْ مَثَّلَ مِثَالاً فَقَدْ خَرَجَ عَنِ الْاِسْلَامِ (یعنی جس شخص نے کسی قبر کی تجدید کی۔ یا اس کی مثال بنائی۔ وہ اسلام سے خارج ہو گیا۔) جب بحکم حدیث قبر کی تجدید یا اس کی مثال بنانا بھی کفر ہے تو پھر تعزیہ بنانا بطریق اولٰے موجب ضلالت ہوا۔

شیعہ کا استدلال

جب قرآن وحدیث اور کتب شیعہ پیٹنے اور سینہ کوبی کو حرام قرار دیتے ہیں۔ اور شیعہ کو اس کے جواز کی کوئی دلیل نہیں ملتی۔ تو بقول اَلْغَرِيقُ يَتَشَبَّثُ بِالْحَشِيشِ (ڈوبتے کو تنکے کا سہارا)، وہ عجیب مضحکہ خیز دلایل پیش کرنے پر مجبور ہوتے ہیں۔ ایک یہ کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی بیوی کو جب بشارت فرزند کی دی گئی۔ فَصَكَّتْ وَجْهَهَا (اس نے منہ پر ہاتھ رسید کیا)، اس سے پیٹنے پر استدلال کیا جاتا ہے۔ کوئی ان عقل کے اندھوں سے پوچھے۔ کہ فرزند پیدا ہونے کی بشارت ملنے پر لوگ خوشی کیا کرتے ہیں۔ یا ماتم۔ دوسری جگہ بیوی صاحبہ کے ہنسنے کا بھی ذکر ہے۔ اس سے معلوم ہوا۔ کہ ماتم کا ایک طریق ہنسنا کودنا بھی ہے ؎ آفریں باد برین عقل و برین دانش تو۔ سب لوگ جانتے ہیں۔ کہ عورتوں کا قاعدہ ہے۔ کہ جب وہ بات کرنے لگتی ہیں۔ منہ پر ہاتھ رکھ لیتی ہیں۔ اس دستور کے مطابق بیوی صاحبہ نے منہ پر ہاتھ رکھا حالانکہ آپ کو اس بشارت کے ملنے سے کمال مسرّت تھی۔ اور وہی قلبی مسرت اُنکے ہنسنے کا

باعث ہو سکتی ہے۔ لیکن شیعہ کی خوش فہمی قابل داد ہے۔ کہ اس سے جواز ماتم پر ثبوت استدلال کیا جاتا ہے۔

دوسری دلیل

شیعہ کی دوسری دلیل یہ ہے۔ کہ یعقوب علیہ السلام فراق یوسف میں بہت روئے۔ چنانچہ اللہ تعالےٰ نے فرمایا ہے۔ وَابْيَضَّتْ عَيْنَاهُ مِنَ الْحُزْنِ فَهُوَ كَظِيمٌ (یعقوب علیہ السلام کی دونوں آنکھیں غم سے سفید ہو گئیں۔ اور انکو بہت رنج تھا) معلوم نہیں اس آیت میں رونے پیٹنے کا کس لفظ سے استدلال کیا جاتا ہے۔ اور کس لفظ کا معنے رونا پیٹنا لیا جاتا ہے۔ یہ آیت ان کی دلیل نہیں۔ بلکہ انکی صریح تردید ہے۔ آیت کا مفہوم یہ ہے۔ کہ حضرت یعقوب کو یوسف کے فراق کا اس قدر رنج و غم تھا۔ کہ غم کی وجہ سے انکا دماغ کمزور ہو کر بصارت جاتی رہی تھی۔ اگر شیعہ کا خیال صحیح ہو۔ تو مِنَ الْحُزْنِ کی جگہ مِنَ الْبُكَاءِ وَالصُّرَاخِ ہونا چاہیئے تھا۔ حالانکہ آیت میں ایسا نہیں ہے۔ اگر رونا پیٹنا بصارت کے زوال کا باعث ہوتا۔ تو آج دنیا کے کل ماتمی شیعہ جو ہر سال نہیں۔ تو سال میں ایک دفعہ تو اس قدر پیٹا کرتے ہیں۔ کہ نمونہ محشر برپا ہو جاتا ہے۔ تمام اندھے نظر آتے۔ حالانکہ ہم نے کوئی ماتمی ماتم کیوجہ سے اندھا ہوا ہوا نہیں دیکھا۔ یہ اس امر کا صریح ثبوت ہے۔ کہ ماتمی لوگوں کے دلوں میں رنج و غم کا اثر ذرہ بھی موجود نہیں ہے۔ ان کا یہ گریہ و بکا، انکی سینہ کوبی و طمانچہ زنی صرف چاول پلاؤ و ٹر خانے کی خاطر ہے۔ اور بس۔ اگر شیعہ لوگ اسموقع پر دیگ نہ پکایا کریں۔ تو مجلس ماتم میں اُلّو بولا کریں۔ صرف پلاؤ زردہ کی خاطر مراثی۔ قلندر۔ مسلی وغیرہ ماتم حسین کے بہانہ سے جمع ہو جاتے ہیں۔ اور مجلس کی رونق ہو جاتی ہے۔ حقیقت یہ ہے۔ کہ کارنامۂ یزید کو اس شان و شوکت سے ہمیشہ تازہ کیا جاتا ہے کہ روح یزید کو اس سے کمال خوشی ہوتی ہوگی اور

یوں تو ذاکروں۔ مرثیہ خوانوں پر یزید علیہ ما علیہ کا ایسا احسان عظیم ہے۔ کہ اس کا شکریہ ان سے ادا ہونا محال ہے۔ اگر یزید لعین یہ کرتوت نہ کرتا۔ تو ان ٹکر گداؤں کو کون پوچھتا ماہ محرم ان لوگوں کے لئے گویا ماہ عید ہوتا ہے۔ پہلے سے تیاریاں شروع کر دیتے ہیں۔ بیاضیں لئے رات بھر مرثیے یاد کیا کرتے ہیں۔ حلق سوار تے منہ بناتے اور تال سُر لپکاتے رہتے ہیں۔ ادھر ماہ محرم نمودار ہوا۔ ادھر ان پر چاندی برسنے لگی۔ جا بجا انکی آؤ بھگت ہونے لگتی ہے۔ روٹیاں مفت کی ملتی ہیں۔ اور روپے پیسے الگ۔ ان کو یزید کے نام کی ماہ بماہ شرینی دینی چاہئے۔ اور اس کے نام کا سجدہ کرنا چاہیئے۔ غرض کوئی ثابت نہیں کر سکتا۔ کہ ماتم کی رسم کس پیغمبرؑ یا کس امامؑ یا ولی کی ایجاد ہے اگر یہ ماتم باعث ثواب ہوتا۔ تو ائمہ معصومین اس سے محروم نہ رہتے۔ جب کسی امام نے ایسا نہیں کیا۔ تو اس کو شیطانی ایجاد سمجھنا چاہیئے۔ خدا کرے۔ شیعہ حضرات اس بدعت سینہ سے باز آجائیں۔ اور سال بسال سوانگ بنا کر توہین اہل بیت کی کرنے سے اجتناب کریں۔ وَاللّٰہُ یَھْدِیْ مَنْ یَّشَآءُ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ۔

اصحاب ثلثہ کے نام پر فرزندان علیؑ کے نام

کتب معتبرہ تواریخ فریقین سے ثابت ہے۔ کہ جناب امیر نے اپنے ایک صاحبزادہ کا نام ابوبکرؓ رکھا جو لیلےٰ بنت مسعود کے بطن سے پیدا ہوا تھا۔ ایک صاحبزادہ کا نام عمرؓ رکھا۔ جو حبیبہ بنت ربیعہ کے بطن سے پیدا ہوا تھا۔ ایک کا نام عثمانؓ رکھا جو ام البنین بنت خرام بن خالد سے متولد ہوئے تھے ایک صاحبزادی کا نام ام المومنین زوجہ رسول خدا ہر کے نام پر میمونہ رکھا دوسری دو صاحبزادیوں کے نام رقیہ و ام کلثوم رکھا۔ جو رسول پاک کی دو صاحبزادیوں کے نام تھے۔ جو حضرت عثمان رضؓ کی زوجیت میں آئی تھیں۔ ایسا ہی حضرت حسنؑ نے ایک صاحبزادہ کا نام ابوبکر رضؓ رکھا۔ جو آپ کی منکوحہ

اہلیہ سے تھا۔ ایک کا نام عمرؓ رکھا جو آپ کی جاریہ (کنیز) کے شکم سے پیدا ہوا تھا
یہ دونوں حضرت امام حسینؓ کے ساتھ معرکہ کربلا میں شہید ہوئے تھے۔ علی ہذا
القیاس امام زین العابدینؒ نے بھی اپنے ایک فرزند کا نام عمرؓ رکھا۔ اور حضرت
امام موسےٰ کاظم نے بھی اپنے ایک صاحبزادے کا نام عمرؓ اور ایک کا نام ابوبکرؓ
رکھا۔ حضرت امام رضا نے اپنی دختر کا نام عائشہ رکھا۔ اور حضرت امام علی نقیؓ نے
بھی اپنی نور چشمی کا یہی نام رکھا۔ اب شیعہ حضرات سے ہم دریافت کرتے ہیں۔ کہ
کہ اگر جناب امیر علیہ السلام اور ان کے فرزندانِ گرامی کو حضرات ثلاثہ اور ازواج
مطہرات سے محبت و پیار نہ تھا۔ تو اپنی اولاد کے نام اُنکے ناموں پر کیوں رکھے۔
قاعدہ کی بات ہے۔ کہ فوت شدگان سے جو بزرگ واجب الاحترام اور ذی شرافت
سمجھا جاتا ہے۔ اس کا نام تبرّکاً اولاد کا رکھا جاتا ہے۔ کوئی شخص دشمن کے نام
پر اپنی اولاد کا نام نہیں رکھے گا۔ چنانچہ واقعہ کربلا کو مدتیں گذر گئیں لیکن اب تک
کسی مسلمان نے اپنے فرزند کا نام یزید یا شمر نہیں رکھا۔ یہ ایک ایسی زبردست
دلیل ہمارے ہاتھ میں فضیلت و عظمت اصحاب ثلاثہ ثابت کرنے کے لئے ہے جس کا
کوئی جواب شیعہ سے قیامت تک نہیں ہو سکتا۔ بس تمام نزاع کے فیصلہ کے
لئے یہی ایک بات کافی ہے۔ بشرطیکہ شیعہ اصحاب میں کوئی صاحبِ انصاف
موجود ہو ؎

ادا سے دیکھ لو جاتا رہے گلہ دِل کا — بس اِک نگاہ پہ ٹھہرا ہے فیصلہ دِل کا

حضرت امیر معاویہ

شیعہ صاحبان امیر معاویہ کو بہت کوستے ہیں۔ کیونکہ انہوں نے جناب امیر علیہ
السلام سے جنگ کی۔ سو اس کا جواب یہ ہے۔ کہ یہ ناگوار واقعہ طرفین کی اجتہادی
رائے کی وجہ سے ہوا۔ وہ باہم جدی بھائی تھے۔ اصحاب رسولؐ تھے۔ حضرت
معاویہؓ کاتب وحی بھی تھے۔ حضور کے سالا بھی تھے۔ آپ کی شان میں بہت

سی احادیث وارد ہیں۔ حضور سے آپ نے بہت سی احادیث روایت کی ہیں۔ پھر اس ایک واقعہ سے۔ جس کا خاتمہ صلح پر ہوا۔ آپ کو برا کہنا۔ اپنے نامۂ عمل کو سیاہ کرنا ہے۔ بھائیوں کے درمیان تنازعات ہوا کرتے ہیں۔ اور صلح وصفائی بھی ہو جایا کرتی ہے۔ لیکن ایک اجنبی شخص کا حق نہیں ہے۔ کہ اس تنازعہ کی وجہ سے ایک کو برا بھلا کہے۔ حضرت یوسف پر ان کے بھائیوں نے کس قدر مظالم توڑے اور تکلیف دی تھی۔ لیکن آخر یوسف ؑ نے ان کی خطا کو معاف کر دیا۔ باہم بغلگیر ہوئے۔ ایسا ہی یہ واقع ہے۔ دیکھنا یہ ہے۔ کہ جناب امیر علیہ السلام نے اس بارہ میں کیا فتوے دیا ہے۔ ان کو مسلمان اپنا بھائی قرار دیا ہے یا کافر ومنافق۔ اور ان کو لعن وطعن کرنے کا حکم دیا ہے۔ یا اس سے منع فرمایا ہے سو آپ نے ایک گشتی چٹھی پر خط خاص تحریر فرما کر مختلف بلاد و امصار میں شائع کی تھی۔ جو نہج البلاغۃ مطبوعہ طہران ص۲۲۶ میں ہے درج ذیل کی جاتی ہے۔ جس سے امیر علیہ السلام کے خیالات کا پتہ ملتا ہے۔ جو امیر معاویہ اور ان کی جماعت کی نسبت بعد واقعہ جنگ تھے۔ وَمِنْ کِتَابٍ لَّهٗ عَلَيْهِ السَّلَامُ كَتَبَهٗ اِلٰى اَهْلِ الْاَمْصَارِ يَقْتَصُّ بِهٖ مَا جَرٰى بَيْنَهٗ وَبَيْنَ اَهْلِ صِفِّيْنَ وَكَانَ بَدْءُ اَمْرِنَا اِنَّا الْتَقَيْنَا وَالْقَوْمُ مِنْ اَهْلِ الشَّامِ وَالظَّاهِرُ اَنَّ رَبَّنَا وَاحِدٌ وَّدَعْوَتَنَا فِى الْاِسْلَامِ وَاحِدَةٌ وَّلَا نَسْتَزِيْدُهُمْ فِى الْاِيْمَانِ بِاللّٰهِ وَالتَّصْدِيْقِ بِرَسُوْلِهٖ وَلَا يَسْتَزِيْدُوْنَنَا الْاَمْرُ وَاحِدٌ اِلَّا مَا اخْتَلَفْنَا فِيْهِ مِنْ دَمِ عُثْمَانَ وَنَحْنُ بُرَآءُ (ترجمہ۔ حضرت علی ؓ نے ایک دستخطی چٹھی لکھ کر مختلف بلاد وامصار میں مشتہر فرمائی اس میں جنگ صفین کا واقعہ یوں درج تھا۔ کہ ہمارے معاملہ کی ابتدا یوں ہے۔ کہ ہماری اور اہل شام کی آپس میں جنگ چھڑ گئی اور یہ ظاہر ہے۔ کہ ہم دونوں فریق کا ایک خدا اور ایک رسول ہے۔ اور ہمارا اسلام میں دعوٰے بھی ایک رہا ہے۔ ہم اُن سے دربارہ اعتقادات توحید و رسالت میں کچھ زیادتی نہیں چاہتے اور نہ اس بارہ میں وہ ہم سے کچھ زیادتی کے طالب ہیں۔ بات ایک ہی ہے۔ اختلاف صرف خون عثمان کے متعلق

تھا۔ حالانکہ ہم اس الزام سے بری ہیں) حضرت امیر علیہ السلام کا یہ مکتوب امر متنازعہ کے متعلق ایک قاطع النزاع صریح فیصلہ ہے۔ کہ آپ نے اس میں بالتصریح تحریر فرمایا۔ کہ ہمارا اور اہل شام (حضرت معاویہ اور انکے گروہ) کا اسلام اور ایمان کے بارہ میں کوئی جھگڑا نہیں ہوا۔ وہی خدا اور رسول ان کا ہے جو ہمارا ہے۔ اور اسلام بھی ہر ایک فریق کا ایک ہی ہے۔ اور اعتقادات میں بھی کوئی نزاع نہیں ہے۔ ہم ان کو توحید و رسالت میں کامل الایمان سمجھتے ہیں۔ اور وہ ایسا ہی ہم کو بھی سمجھتے ہیں۔ ہمارا اور ان کا اختلاف صرف یہ تھا۔ کہ انہوں نے اپنے خیال میں حضرت عثمان کے قتل کا ذمہ وار ہمیں قرار دیا حالانکہ ہم اس الزام سے بالکل بری الذمہ ہیں۔ بتلائے ایسے صریح فیصلہ کے بعد حضرات شیعہ ہم سے کیا ثبوت چاہتے ہیں۔ جناب امیر علیہ السلام جن سے جنگ ہوئی وہ تو تمام اسلامی عقاید میں امیر معاویہ کو اپنے جیسا پکا مسلمان سمجھتے ہیں لیکن شیعہ صاحبان برخلاف فیصلہ جناب امیر ان کو منافق و کافر قرار دیتے ہیں۔ اب ناظرین خود ہی انصاف کریں۔ کہ قول امیر کو معتبر سمجھا جائے۔ یا شیعہ کے بکواس کو۔ ہر ایک منصف شخص اس مکتوب کے پڑھنے کے بعد حضرت امیر معاویہ کو ایسا ہی کامل الایمان سمجھے گا۔ جیسے جناب امیر علیہ السلام انکو سمجھتے تھے۔ ہاں جن کے دلوں پر خدا نے مہر کردی ہے۔ وہ مجبور ہیں۔

اگر حضرت معاویہ معاذاللہ فاسق و منافق ہوتے تو حضرت امام حسنؑ ہرگز انکی بیعت نہ کرتے بلکہ تلوار اٹھا کر ان سے مقابلہ کرتے۔ جیسا کہ بعد میں امام حسینؑ نے یزید سے مقابلہ کیا۔ اہل انصاف کے لئے اس قدر بحث اس بارہ میں کافی ہے۔ ہاں ضد کا کوئی علاج ہی نہیں۔

وداء الضد لیس لہ دواءٌ

ولو کان المسیح لہ طبیبًا

شیعہ سے چند سوالات

ہم شیعہ اصحاب سے چند سوال کرتے ہیں۔ امید ہے کہ کوئی صاحب جواب با صواب سے مطلع کرینگے۔ اور اگر جواب نہ دے سکیں۔ اور ہرگز نہیں دے سکتے۔ تو خدارا راہ راست پر آجائیں۔ اور اصحاب رسول کی بدگوئی سے باز آجائیں۔

(۱) پہلا سوال اگر اصحاب ثلٰثہ معاذاللہ منافق و کافر تھے۔ ان کو اہل بیت سے بغض و عداوت تھی۔ تو جناب امیر علیہ السلام اور ان کے اہل بیت نے اپنی اولاد کے نام انکی اولادوں پر کیوں رکھے۔

(۲) اگر نعوذ باللہ وہ کافر و منافق تھے تو رسول پاک نے اپنی بیٹیوں کے ناطے انکو کیوں دیئے۔ اور انکی بیٹیاں اپنی زوجیت میں کیوں لیں۔ حالانکہ قران نے اس سے صریح ممانعت کردی ہے۔ کہ کفار کو ناطے دیئے جائیں۔ یا اُن سے لئے جائیں۔

(۳) اگر معاذاللہ وہ کافر و منافق تھے۔ تو جناب امیر علیہ السلام نے اپنی بیٹی ام کلثوم کیوں حضرت عمرؓ کو نکاح کردی۔ اگر کہا جائے کہ انہوں نے جبراً چھین لی۔ تو آپ کی شجاعت و غیرت پر حرف آتا ہے۔ اگر رضامندی سے دی تو اُنکی فضیلت ثابت ہوتی ہے۔

(۴) اگر وہ منافق و کافر تھے۔ تو جناب رسولؐ پاک اور حضرت امیر نے ان سے لڑائی کیوں نہ کی۔ حالانکہ قرآن کا حکم ہے۔ یَاَیُّھَا النَّبِیُّ جَاھِدِ الْکُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِیْنَ (اے نبی کافروں اور منافقوں سے جہاد کیجے۔ اور قَاتِلُوْھُمْ حَتّٰی لَا تَکُوْنَ فِتْنَۃٌ وَّیَکُوْنَ الدِّیْنُ لِلّٰہِ۔ اور کافروں سے قتال کیجئے تاکہ فتنہ مٹ جائے۔ اور دین حق پھیل جائے۔

(۵) جب بقول شیعہ اصحاب ثلٰثہ نے جناب امیر علیہ السلام سے خلافت چھین لی۔ فدک دبا لیا جناب سیدہ کی سخت ہتک کی۔ جناب امیر علیہ السلام نے کیوں

تلوار نہ اٹھائی۔ اگر کہو کہ صبر کیا۔ تو پھر سوال ہوتا ہے۔ کہ امیر معاویہ سے کیوں جنگ کر کے صدہا مسلمانوں کی جانیں تلف کرائیں۔ اور پھر صبر کا حکم تھا۔ تو حضرت امام حسین نے کیوں یزید سے لڑ کر اپنی اور معصوم بچوں کی جانیں قربان کیں۔

(۶) اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ ثُمَّ لَا يُجَاوِرُونَكَ فِيهَا إِلَّا قَلِيلًا (منافق لوگ نبی کی ہمسائگت میں زیادہ عرصہ ٹھہر نہیں سکیں گے۔) حالانکہ اصحاب ثلثہ زندگی میں جناب رسولؐ کے مصاحبِ خاص رہے۔ اور بعد وفات بھی انکو ایسی مجاورت (ہم نشینی) حاصل ہے۔ کہ دوبار آپ کے پہلو بہ پہلو سوئے ہوئے ہیں۔ ایسا کیوں ہوا

(۷) قرآن میں ہے۔ لَا تَتَّخِذُوا عَدُوِّي وَعَدُوَّكُمْ أَوْلِيَاءَ (میرے دشمنوں اور اپنے دشمنوں کو نہ بلاؤ دوست نہ بناؤ) تو جب بقول شیعہ اصحاب ثلثہ جناب رسولؐ اور جناب امیرؑ کے دشمن تھے۔ تو کیوں رسول پاک نے ان کو دوست بنائے رکھا۔ حتیٰ کہ سفر و حضر میں آپ کے رفیق رہے۔ اور پھر بعد وفات رسولؐ جناب امیر علیہ السلام کیوں ان سے یارانہ گانٹھے رہے اگر کہو۔ کہ بے بس تھے۔ تو پھر وہاں سے ہجرت کیوں نہ کی۔ جو ایسے موقعہ پر فرض ہو جاتی ہے۔

(۸) قرآن شریف میں ہے إِنَّا لَنَنْصُرُ رُسُلَنَا وَالَّذِينَ آمَنُوا (ہم اپنے رسولوں اور مومنوں کو نصرت بخشا کرتے ہیں) اگر اصحاب ثلثہ مومن نہ تھے۔ تو کیوں نصرت الٰہی ہمیشہ انکے شامل حال رہی۔ قیصر و کسریٰ کی حکومت الٹ دی۔ ملک بھر میں سلطنت قائم ہوگئی۔ ہر ایک معرکہ میں مظفر اور منصور ہوئے حتیٰ کہ خلافت بھی انہی کو ملی۔

(۹) اگر خلافت اصحاب ثلثہ کی حق نہ تھی۔ تو حضرت شہر بانو بنت یزدجرد دختر شاہ فارس جو غنیمت میں مقید ہو کر آئی تھی۔ اور حضرت عمر نے امام حسین کو دے دی تھی۔ آپنے کیوں قبول کی جبکہ یہ غنیمت درست اور حلال ہی نہ تھی۔ تو امام معصوم نے کیوں عطیہ نادرست اور ناجائز میں تصرف کیا۔ جو منافی عصمت ہے۔

(۱۰) جب متعہ اتنا بڑا ثواب کا کام ہے۔ کہ متعی مرد اور ممنوعہ عورت جب غسل

کرتے ہیں۔ تو ہر ایک قطرہ سے ستّر ستّر فرشتے پیدا ہوتے ہیں۔ جو انکے لئے قیامت تک استغفار کیا کرتے ہیں۔ تو ایمہ اہل بیت کیوں اس کار ثواب سے محروم رہے کتب شیعہ سے ثابت ہے کہ کسی امام نے متعہ نہیں کیا۔

(۱۱) کتب شیعہ سے ثابت ہے کہ علی المرتضےٰ رضؓ کے تین فرزند جن کا نام ابو بکر رضؓ عمر رضؓ۔ عثمان رضؓ تھا۔ وہ بھی امام حسین کے ساتھ معرکہ کربلا میں شہید ہوئے مرثیوں میں ان کا نام کیوں ذکر نہیں کیا گیا۔ جبکہ وہ علی المرتضےٰ کے فرزند جناب سیدہ کے بطن سے تھے۔ اور اپنے بھائی جناب امام حسین رضؓ پر انہوں نے اپنی جانیں قربان کر دی تھیں۔

(۱۲) کتب شیعہ میں تصریح ہے۔ کہ جناب امیر علیہ السلام نے قرآن جمع کر کے اصحاب کو دکھلایا تھا۔ انہوں نے قبول نہ کیا۔ تو آپ نے کہا اب تم لوگ اس قران کو تا قیامت نہ دیکھو گے وہ قرآن اس وقت کہاں ہے۔ اگر وہ ہدایت خلق کے لئے تھا۔ تو اس کے اتنا عرصہ گم رکھنے کی کیا وجہ ہے۔ اور ایسے قرآن سے مسلمانان عالم کو کیا فائدہ ہے۔ اگر امام غائب علیہ السلام نے اسکو چھپا رکھا ہے۔ تو کیا وہ کتاب ہدائیت چھپا رکھنے کے مجرم نہیں ہیں۔

مناقب حضرت علی مرتضےٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

صلوٰۃ بھیجو مومنوں مشکل کشا جمیّا
اس آن اندر ہو گیا جبریل بھی نازل
کعبے دی کندھی پھٹ گئی جمن کو لوں پہلے
بیشک معظم تر ہوئی پیدا ایش آپ دی
کعبے دی عزت ودھ گئی حیدر دے جمن نال
کعبے نہ پوچھ جس گھڑی آیا نبی سوہنا
فرمایا رسول نے انا مدینۃ العلم

تیرہ رجب کعبے دے بوچہ شیر خدا جمیّا
ہووے مبارک یا نبی تیرا بھرا جمیّا
حوراں سبھی آکھن نبی دا دلربا جمیّا
گھر گھر منادی ہو گئی اوہ خوشنما جمیّا
آکھے نبی اللہ دے گھر بحر سخا جمیّا
حوراں ملک آکھن سبھی اج پیشوا جمیّا
اور علیؓ بابھا کہا مرحبا جمیّا

شان کیسی مل گئی حسنین دے باپ نوں
کافراں دے دل ہلے دیکھ کر صورت علی

کرار حیدر صف شکن خنجر نما جمیا
کرم اللہ وجہہ مرد خدا جمیا

خاموش ہو تو پیر ظہور دامن طول نہیں کرنا
دامن پکڑ پنجتن دا راہ نما جمیا

واقعہ دردناک

جو کچھ نہ دیکھا تھا کبھی سب کچھ دکھایا عشق نے
مائی تساڈی فاطمہ خیر النساء بھائی حسن رض
نانا اساڈا مصطفے بابا علی شیر خدا
بھائی بھتیجے یار سب وچ کربلا دے پھڑکدے
حوض کوثر دے ہاں مالک حور غلماں سب غلام
پانی پیندے سب پرندے آدمی حیوان کل
تھی جو کربل وچ پیاسی سب وہ اولاد علی

مکہ مدینہ چھوڑ کے کربل رلایا عشق نے
سانوں اکیلا چھوڑ کے جنگل رلایا عشق نے
آئے اسیں ہتھ ظالماں قیدی کرایا عشق نے
صدقے میں جاں نواں ذات توں وہ رنگ دکھایا عشق نے
دنیا والا پانی یارو بند کرایا عشق نے
ساڈے وچ تقصیر کیا تسیاں کوہایا عشق نے
جام شہادت آپ کو بھر بھر پلایا عشق نے

صدقہ آل رسول آیا ہے در پہ ظہور
جس کو مجنوں اور دیوانہ بنایا عشق نے

شان آل رسول صلی اللہ علیہ وسلم

ویکھو حسن حسین دی شان سیو
ہوئے دین تھیں جو قربان سیو

آل احمد تھیں میں واری صدقے گھولی جانیاں
کردا صفت ہے جیندی قرآن سیو
آل حضرت نوں پیاسہ ظالماں نے ماریا

اٹھدی بہندی ٹور دی پھڑی گیت اُسدے گانیاں
دیکھو حسن حسین رض دی شان سیو
دل تھیں ظالم کوفیاں نے خوف ربدا وساریا

تکی مول نہ سیدانڈی شان سیّو
پانی دے گھٹ واسطے حضرتؑ پائے واسطے
منیا اُنہاں نہ ایہ فرمان سیّو
حضرتِ معصوم اصغرنوں نہ ملیا آب سی
کوئی دم دے ہوئے مہمان سیو
گود اندر چالیا اصغرؑ نوں پھر حضرت حسینؑ
کیتنا اصغرؑ نے کی نقصان سیو
سُنکے یہ گل ظالمان نے ماریا اک کھچ کے تیر
اصغرؑ خلد نوں ہویا روان سیّو
گھر لٹایا راہ ربّ وچ حضرتِ شبیرؑ نے
صدقے اُس تھیں جان ایمان سیو
فاطمہؓ دا جان جانی کُٹھا ہائے بیگناہ
ہو یا نار دے وچ چالان سیّو
شاہ فرمایا اے شمر نہ کر قتل توں بے گناہ
روسن چھوٹے تے بال نادان سیّو
چلنا برحق ٹھیک ہے رہنا کسے ایتھے نہیں
کُلُّ مَنْ عَلَیْھَا فَانْ سیو
صدقے آل رسولؐ دے بخش دے اللہ قصور

ویکھو حسنؑ حسینؑ دی شان سیّو
رحم آیا ظالمان نہ آئے اُس راستے
دیکھو حسنؑ حسینؑ دی شان سیّو
جاں لباں تے آگئی سی رہگئی نہ تاب سی
ویکھو حسنؑ حسینؑ دی شان سیو
دیکھ کے بچے دی حالت آہ نہ دلنوں چین
دیکھو حسنؑ حسینؑ دی شان سیّو
ہائے اُس معصوم اصغر دا گلا دتا سی چیر
دیکھو حسنؑ حسینؑ دی شان سیّو
بخشوائی اُمتِ عاصی تمامی پیر نے
دیکھو حسنؑ حسینؑ دی شان سیّو
شمر لعون ہوگیا وچ دین دنیا رُوسیاہ
دیکھو حسنؑ حسینؑ دی شان سیّو
ہاں ملاح اس پُور دا ہرگز نہ مینوں کر جدا
دیکھو حسنؑ حسینؑ دی شان سیّو
تخت اُتے بہن والے سو گئے اندر زمین
دیکھو حسنؑ حسینؑ دی شان سیّو
کر دا عرض ہے مولا دے اگے ایہ سیّد ظہور

مردے وقت ہو کلمہ روان سیّو
ویکھو حسنؑ حسینؑ دی شان سیو

ہادی دو جہانؐ

ہادی دو جہان دا وسدا شہر مدینے وچ
گھر ہے جس محبوب دا ہر مسلم دے سینے وچ

کیوڑے عطر پھلیل دی ہور گلاب روبیل دی
خوشبو سب موجود ہے اُسدے پاک پسینے وچ

ایہ ہے ماہ رمضان دا اللہ دے احسان دا
لُٹ لے ربدیاں رحمتاں مُسلم ایس مہینے وچ

مال اپنا قربان کر صدقے اپنی جان کر
باجھوں عشق رسُول دے لطف نہیں ہے جینے وچ

سفر عرب دا اندر لکھیاں ہووے تاں ہے روضہ ویکھ
ہند تھیں کوچ کراں میں یا رب اس شعبان مہینے وچ

مکّی مدنی عربی سائیاں اُڈ جھولی میں دتے آئیاں
پا دیں خیر یا حضرت مینوں کی پرواہ خزینے وچ

جسدے دل وچ کفر تے کینہ اوسنوں بھاوے نہ شہر مدینہ
ساری عمر گذارے بھیڑا کفر حسد تے کینے وچ

جے خواہش جنت جاوندی دیدار خدا دا پاوندی
لکھ نے نام محمد والا دل دے خاص نگینے وچ

عرش تے کُرسی لوح قلم تھیں نالے بیشک بیت حرم تھیں
اعلےٰ رتبہ وسی تھاندا حضرت جس زمینے وچ

ابوبکرؓ فاروقؓ غنیؓ و خادم بن جا شاہ علیؓ دا
دامن پھڑکے آل نبیؐ لنگ جا پار سفینے وچ

پیر فقیر ظہود نوں ساکن جلال پور نوں
ویہہ جمال کمال توں اپنے خاص خزینے وچ

نماز کا راز و نیاز

سی اک عورت وقت نبیدے صاحب نیک نصیبہ
پوری تابعدار نبی دی سُنتوں یار حبیبہ

خدمت وچ رسول اللہ دے شوقوں آوے جاوے
جو فرمان نبیدا ہووے اُس پر عمل کماوے

نال محبت ربدی طرفے دِل تھیں حاضر ہووے
دِل متوجہ ذوقوں شوقوں نیت نماز کھلووے

اس بی بی نے فضل الٰہوں حدایت پائی
خاوند اُسدا عقلوں خالی دینوں خبر نہ کائی

غم دے اندر رہے بیچاری رکھے چِت نمانا
خاوند میرے قہر الٰہوں دوزخ اندر جانا

خدمت اُدیوں راضی کر کے عرض کرے اُسنائیں
میرے واگوں نال محبت جے مسجد ول جاویں
باجھ نمازوں گند ابند ابھریا نال پلیدی
مدت پچھوں ل خاوند دے رحمت آن سمائی
آکھوس انشاء اللہ فجرے کراں نماز ادائی
عورت سنکر راضی ہوئی آکھوس صدقے جاواں
ایہو ایہہ گل رہی اسنوں خاوند نے فرمائی
آکھوس فجروں اوّل جیکر توں پوشاک لیاویں
راضی ہو کر دھوبی اُٹھیا لیساں اُجرت زیادہ
رتو راتی دھو کر اُس نے اوہ پوشاک سکائی
فکر پیا اُس عورت تائیں ویکھ مقدر چالا
رو کر حال سناون کارن پاس نبی دے آئی
عرض کیتوس تاں سنکر اگوں بولیا نبی ربانا
حُب نماز اندر اوہ مویا حکم دتا رب سائیں

اے پیارے توں پکڑ ہدایت دوزخ وچ نہ جائیں
روز قیامت ساتھ نبی دے عالی درجے پاویں
بخشش نہیں خدا دی اُسنوں نہیں شفاعت نبیدی
فضلوں صحبت نیکاں والی پتھر ہوون پانی
مگراں پاک پوشاک نہ میری اتنی بات سنائی
انشاء اللہ فجرے تینوں پاک پوشاک پہناواں
کپڑے اُسدے لے کے بیوی دھوبی دے گھر آئی
فرق نہ کرساں پورا دیساں جتنا حق بتاویں
فجروں اوّل پورا کرساں جو فرمان تساڈا
فوت ہویا خاوند اُسدا اجے پوشاک نہ پائی
شاید میرے خاوند تائیں ہن کی ہوگ حوالا
اس تھیں اوّل رب نبی نوں ساری خبر سنائی
فضلوں تیرے خاوند کارن اساں جناز ے جانا
وحی کھیا توں جھب جنازے اُسدی طرفے جائیں

سادات پر حضرت عمرؓ کا بھاری احسان

شیعہ سادات اگر احسان فراموش نہ ہوں - تو حضرت عمر رضؓ کے بارِ منت سے وہ قیامت تک سبکدوش نہیں ہو سکتے - اگر حضرت عمر رضؓ بکمال ایثار حضرت شہر بانو حضرت امام حسین رضؓ کو نہ بخشدیتے - تو نہ امام زین العابدین کا وجود مسعود ظہور پذیر ہوتا - نہ اُنکی پشت سے سادات ہی پیدا ہوتے - یہ بھی معلوم ہو کہ اگر معاذ اللہ حضرت عمر رضؓ مسلمان نہ تھے - تو اُنکا بخشا ہوا مال غنیمت نہ حضرت علی رضؓ نہ حضرت امام حسین علیہ السلام کو لینا حلال ہوتا - تو پھر حضرت شہر بانو کا نکاح بھی جائز نکاح نہ ہو سکتا تھا - اسلئے اس امر کے جوابدہ شیعہ سادات ہیں - کہ جب معاذ اللہ تزویج ہی صحیح نہیں تو اولاد کیسے رشید ہو سکتی ہے - غرض ہمارے شیعہ بھائی سوچیں کہ یہ بُرا عقیدہ حضرت عمر رضؓ کو کافر منافق سمجھنا کیا کچھ خرابیاں پیدا کرتا ہے - بھائیو سوچو! اور خوب غور کرو ٭

حضرت عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہ داماد علی رضی اللہ تعالےٰ عنہ تھے

ایک روشن دلیل اس امر کی کہ حضرت عمر رض سے حضرت علی المرتضےٰ کو کمال محبت و پیار تھا۔ اور ان کے نزدیک انکی شرافت و نجابت مسلم تھی۔ یہ ہے۔ کہ جناب امیر علیہ السلام اپنی دختر بلند اختر حضرت ام کلثوم کا رشتہ حضرت عمر کو دیکر نکاح کر دیا۔ اگر معاذ اللہ وہ منافق تھے۔ تو جناب امیر علیہ السلام نے سیدہ ام کلثوم کو کیوں ایک منافق کو نکاح کر دیا! شیعہ اس امر سے تو انکار نہیں کر سکتے۔ کہ حضرت ام کلثوم بنت علی رض حضرت عمر رض کی تزویج میں آئیں۔ لیکن اس بارہ میں انکو سخت اضطراب لاحق ہوا۔ اسلیئے طرح طرح کی تاویلات رکیکہ سے کام لینے لگے۔ ایک روایت یہ وضع کیگئی کہ حضرت ام کلثوم جبراً چھین لیگئیں۔ جیسا کہ فروع کافی جلد ۲ صـ ۱۴۱ باب تزویج ام کلثوم میں ہے عن زرارۃ عَنْ اَبِیْ عَبْدِ اللہِ عَلَیْہِ السَّلَامُ فِیْ تَزْوِیْجِ اُمِّ کُلْثُوْمٍ فَقَالَ اِنَّ ذٰلِکَ اَوَّلُ فَرْجٍ غُصِبْنَاہُ۔ ترجمہ زرارہ نے روایت کی کہ حضرت امام جعفر صادق رض سے دربارہ نکاح ام کلثوم دریافت کیا گیا تو آپ نے فرمایا۔ کہ یہ پہلی شرمگاہ ہے جو ہمسے چھین لیگئی۔ دوسری روایت اسی کتاب کے صفحہ مذکور میں یوں ہے:۔ عَنْ ہِشَامِ ابْنِ سَالِمٍ عَنْ اَبِیْ عَبْدِ اللہِ عَلَیْہِ السَّلَامُ قَالَ لَمَّا خَطَبَ اِلَیْہِ قَالَ لَہٗ اَمِیْرُ الْمُؤْمِنِیْنَ اِنَّہَا صَبِیَّۃٌ قَالَ فَلَقِیَ الْعَبَّاسَ فَقَالَ لَہٗ مَالِیْ اَبِیْ بَاْسٌ قَالَ فَمَاذَاکَ قَالَ خَطَبْتُ اِلٰی ابْنِ اَخِیْکَ فَرَدَّنِیْ اَمَا وَاللہِ لَاُعَوِّرَنَّ زَمْزَمَ وَلَا اَدَعُ لَکُمْ مَکْرُمَۃً اِلَّا ہَدَمْتُہَا وَلَاُقِیْمَنَّ عَلَیْہِ شَاہِدَیْنِ بِاَنَّہٗ سَرَقَ وَلَاَقْطَعَنَّ یَمِیْنَہٗ فَاَتَاہُ الْعَبَّاسُ فَاَخْبَرَہٗ وَسَاَلَہٗ اَنْ یَّجْعَلَ الْاَمْرَ اِلَیْہِ فَجَعَلَہٗ اِلَیْہِ

ترجمہ ہشام بن سالم نے امام صادق سے روایت کی ہے۔ کہ جب جناب امیر سے ام کلثوم کا ناطہ طلب کیا گیا تو آپنے کہا کہ وہ چھوٹی لڑکی ہے۔ فرمایا پھر عمر رض عباس رض کو ملے اور کہا کیا مجھ میں کوئی نقص ہے! عباس رض نے کہا کیا بات ہے! عمر رض نے کہا میں نے ناطہ تمہارے بھتیجے (علی رض) سے مانگا۔ اُسنے انکار کر دیا۔ قسم کھاکر کہا میں زمزم کو لوٹا دونگا۔ اور تمہارے جملہ اعزاز کو مٹا دونگا۔ اور علی رض پر دو گواہ سرقہ کرنے کے گزار کر اسکے ہاتھ کاٹ دونگا۔ حضرت عباس رض حضرت علی رض کے پاس آئے۔ اور کہا اس ناطہ کا مجھے وکیل بنا دو۔ حضرت علی رض نے انکو اجازت دی اور نکاح ہو گیا۔ ان دو روایات میں اس امر کو تسلیم کیا گیا ہے۔ کہ حضرت ام کلثوم کا نکاح حضرت عمر رضی ہوا۔ لیکن پہلی روایت میں نہایت مکروہ لفظ (فرج) استعمال کر کے کہا گیا ہے۔ کہ ام کلثوم ہمسے جبراً چھین لی گئی تھی۔ دوسری روایت میں یہ بتایا گیا ہے۔ کہ حضرت علی رض ناطہ دینے پر اسلیئے مجبور ہوگئے کہ انکو دھمکی دیگئی۔ کہ تمہارے اعزاز چھین لیئے جائینگے

بلکہ تمہیں سرقہ کا اتہام لگاکر قطع ید کی سزا دیجائیگی - سو اہل بصیرت سمجھ سکتے ہیں - کہ یہ کبھی ہو سکتا ہے؟ اگر شجاعت مآب
فاتح خیبر حیدر کرار سے انکی صغیرۃ السن لڑکی جبراً چھین لی جائے - یا اُنکو ڈرا دھمکا کر ناطہ دینے پر مجبور کر لیا جائے - ایسا
تو کوئی کم حیثیت کمین شخص جولاہا - بھنگی بھی نہیں کریگا - کہ جیتے جی ڈر کر اپنی کمسن لڑکی دوسرے کے حوالہ کر دے -
یا بخوف سزا بدنی ایک غیر مستحق شخص کو بلا رضامندی خود لڑکی دیدے - ایسے موقعہ پر انسان سزا بدنی تو کیا جان دینا
گوارا کر لیتا ہے - لیکن یہ ذلت کبھی گوارا نہیں کرتا - کہ کوئی غیر شخص اسکی دوشیزہ کمسن لڑکی جبراً چھین لے - ہر ایک دانشمند
شخص قیاس کر سکتا ہے - کہ کوئی باغیرت بہادر شخص اس قسم کی ذلت کبھی قبول کر سکتا ہے؟ کلا و حاشا - یہ تمام
باتیں یار لوگوں کی من گھڑت ہیں - جو صلیت کو چھپانے کے لیئے وضع کی گئی ہیں - لیکن حق کبھی چھپانے سے چھپ نہیں
سکتا - اسی باب تزویج ام کلثوم میں ایک دوسری حدیث درج ہے - کَتَبَ عَلِیُّ ابْنُ اَسْبَاطٍ اِلٰی اَبِی جَعْفَرٍ ع
فِی اَمْرِ بَنَاتِہٖ وَ اَنَّہٗ لَا یَجِدُ اَحَدًا مِثْلَہٗ فَکَتَبَ اِلَیْہِ اَبُوْ جَعْفَرٍ عَلَیْہِ السَّلَامُ فَھِمْتُ مَا ذَکَرْتَ
مِنْ اَمْرِ بَنَاتِکَ وَ اَنَّکَ لَا تَجِدُ مِثْلَکَ فَلَا تَنْظُرْ فِیْ ذٰلِکَ رَحِمَکَ اللّٰہُ فَاِنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی
اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ اٰلِہٖ قَالَ اِذَا جَاءَکُمْ مَنْ تَرْضَوْنَ خُلُقَہٗ وَ دِیْنَہٗ فَزَوِّجُوْہُ اِلَّا تَفْعَلُوْہُ تَکُنْ فِتْنَۃٌ
فِی الْاَرْضِ وَ فَسَادٌ کَبِیْرٌ - فروع کافی جلد ۲ صفحہ ۱۴۱ ترجمہ علی بن اسباط نے امام محمد باقر ع کو اپنی لڑکیوں کے
بارہ میں لکھا - اور اسکو اپنے جیسا کوئی شخص نہ مل سکتا تھا - آپنے فرمایا میں نے تیرا مطلب سمجھا ہے - کہ تجھے اپنی رتبہ کا
داماد نہیں مل سکتا - مگر تم اس بات کی انتظارمت کرو - رسول ص نے فرمایا کہ جب تمہارے پاس ایسا شخص ناطہ مانگنے
آجائے جسکے اخلاق اور دینداری کا تمہیں اطمینان ہو - تو اُسے ناطہ دیدو - ورنہ زمین میں فتنہ اور بھاری فساد
کا اندیشہ ہوگا - اس حدیث کو تزویج ام کلثوم میں درج کرنے سے مطلب صاف یہ ہے کہ حضرت علی رض نے بھی چونکہ
حضرت عمر رض کے اخلاق و دینداری کو پسند کرتے تھے - اور ناطہ کے نہ دینے میں فتنہ و فساد کا اندیشہ تھا اسلیئے
اپنی خوشی سے انہوں نے نکاح کر دیا۔ شیعہ کی دوسری چال - نکاح ام کلثوم کے متعلق جب شیعہ حضرات کو سخت گھبراہٹ
پیدا ہوتی ہے - اور کچھ جواب نہیں بن سکتا تو ایک دوسری چال یہ چلتے ہیں - کہ ام کلثوم کا نکاح تو حضرت عمر رض سے ہوا لیکن
وہ ام کلثوم حضرت علی رض کی اپنی بیٹی نہ تھی - بلکہ بنت اسماء بنت عمیس اور حضرت علی رض کی ربیبہ تھیں - سو احادیث بالا میں
اس امر کی خاص تصریح ہے - کہ وہ حضرت علی رض کی اپنی دختر تھیں - اسی لیئے اول فرج غُصِبْنَہٗ کہا گیا - ورنہ
اسماء کی لڑکی اگر چھین لی جاتی تو جناب امیر ع اور انکے اہل بیت کو اسکی کیا شکایت تھی؟ اور حضرت عمر رض کو حضرت
علی رض سے خواستگاری نکاح اور طرح طرح کی ترغیب و ترہیب کی کیا ضرورت تھی؟ جب لڑکی نابالغہ تھی - تو لڑکی کے

ورثا کی اجازت سے نکاح ہو سکتا تھا - اور اسمیں کسی قسم کی کوئی دقت نہ تھی - اسمیں مطلق شک و شبہ نہیں ہے - کہ حضرت ام کلثوم حضرت فاطمۃ الزہرا کے بطن سے حضرت علیؓ کی دختر تھیں - اور نکاح حضرت علی المرتضےٰؓ نے بخوشی خود کر دیا - اسکے متعلق ہم شیعہ کی کتاب حدیث تہذیب الاحکام صفحہ ٣٨٠ سے دوسری حدیث تحریر کرتے ہیں :- عَنْ جَعْفَرٍ عَنْ اَبِیْہِ قَالَ مَاتَتْ اُمُّ کُلْثُوْمٍ بِنْتِ عَلِیٍّ وَابْنُھَا زَیْدُ ابْنُ عُمَرَ ابْنُ خَطَّابٍ فِیْ سَاعَۃٍ وَّاحِدَۃٍ ترجمہ جعفر صادقؑ اپنے والد ماجد سے روایت کرتے ہیں کہ ام کلثوم بنت علیؓ اور اسکا بیٹا زید بن عمرؓ بن خطاب ایک ہی وقت میں فوت ہوئے - اس حدیث میں صاف بیان ہے - کہ حضرت ام کلثوم جو حضرت عمرؓ کی زوجہ محترمہ تھیں علی المرتضےٰؓ کی دختر تھیں - اور انکے شکم سے زید بن عمرؓ بن خطاب پیدا ہوا - اور ماں بیٹا دونوں ایکروز ایک ہی وقت میں فوت ہوئے تھے - اب جو لوگ کہتے ہیں - کہ ام کلثوم کا نکاح عمرؓ بن الخطاب سے ہوا تھا - وہ حضرت علی کی بیٹی نہ تھیں - اس حدیث سے انکی تکذیب ہوتی ہے - دوسری حدیث اسکی تائید میں ایک دوسری حدیث جو فروع کافی جلد ٢ صفحہ ٣١٠ و ٣١١ میں ہے پیش کیجاتی ہے :- عَنْ سُلَیْمَانَ بْنِ خَالِدٍ قَالَ سَاَلْتُ اَبَا عَبْدِ اللہِ عَنْ اِمْرَاَۃٍ تُوُفِّیَ عَنْھَا زَوْجُھَا اَیْنَ تَعْتَدُّ فِیْ بَیْتِ زَوْجِھَا اَوْ حَیْثُ شَاءَتْ قَالَ بَلْ حَیْثُ شَاءَتْ ثُمَّ قَالَ اِنَّ عَلِیًّا صَلٰوۃُ اللہِ عَلَیْہِ لَمَّا مَاتَ عُمَرُ اَتٰی اُمَّ کُلْثُوْمٍ فَاَخَذَ بِیَدِھَا فَانْطَلَقَ بِھَا اِلٰی بَیْتِہٖ ترجمہ سلیمان بن خالد سے روایت ہے - کہا میں نے حضرت صادقؑ سے پوچھا کہ جس عورت کا خاوند فوت ہو جاوے وہ عدت کہاں گذارے خاوند کے گھر میں یا جہاں اسکا جی چاہے - فرمایا جہاں جی چاہے - پھر کہا جب عمرؓ فوت ہو گئے حضرت علیؓ ام کلثوم کے پاس آئے اور اسکا ہاتھ پکڑ کر اپنے گھر لیگئے - اس حدیث سے اس امر کا فیصلہ ہو گیا - کہ ام کلثوم زوجہ حضرت عمرؓ حضرت علیؓ کی بیٹی تھیں کیونکہ جب حضرت عمرؓ فوت ہو گئے - آپ جاکر ام کلثوم کو اپنے گھر میں لے آئے - اگر ام کلثوم آپ کی بیٹی نہ ہوتیں - تو آپ کی رضامندی کے بغیر انکا نکاح حضرت عمرؓ سے ہوتا - تو باہمی تعلقات بالکل منقطع ہو گئے ہوتے - پھر انکو کیا پڑی تھی - کہ وفات شوہر پر انکو اپنے گھر لے آئیں - جب تحقیق بالا سے صاف ثابت ہو گیا - کہ ام کلثوم بنت علیؓ کا نکاح حضرت عمرؓ سے انکی رضامندی سے ہوا تھا اور بنت علیؓ اپنے شوہر حضرت عمرؓ کے گھر انکی زندگی بھر آباد رہی تھیں - ایک بیٹا زید بھی وہاں پیدا ہوا تھا - تو محبان علیؓ اگر واقعی امیر علیہ السلام سے محبت صادق ہیں تو پھر داماد علیؓ کو گالیاں دینا انکو مناسب نہیں - کیا شیعہ اس بات پر غور کرینگے ! ویسے تو شیعہ صاحبان کہا کرتے ہیں ؎

علی کو گو محمد پر شرف ہم دے نہیں سکتے ٭ مگر اپنے سے بہتر ڈھونڈ کر داماد کرتے ہیں

لیکن یہاں اس مقولہ کو بھول کر داماد علیؓ کو بجائے بہتر سمجھنے کے بدتر سمجھتے ہیں ؎

کچھ کام لینا اپنے بھی عقل و شعور سے ٭ خدمت یہ اتنی ہو سکی پیرزادہ ظہور سے

الحمد ہزار ہزار ادا یہ نسخہ چھپا تیار ہوا ۔۔۔ ہے کلمہ درود شریف اسمیں شریف رسول اللہ

اور شیعہ کے بھی عقائد ہیں سب ان کی کتابوں سے لکھے گئے ۔۔۔ لاحول ضرور پڑھیگا وہ جو مسلم اُنکو دیکھیگا

ہے پردہ اُٹھا اب باطل کا سب پیرِ ظہور کی کوشش سے ۔۔۔ جو عالم فاضل حاجی ہیں اور حافظ قاری مرد خدا

علامۂ دہر مجدد ہیں مفتی و محدث اور فقیہ ۔۔۔ سجادہ نشین مبلغ بھی ہیں عابد و زاہد صبح و مسا

سید ہیں بخاری نسب سے وہ پاکیزہ ترین ہیں حسب سے ۔۔۔ اور وعظ یکتا نازے ہوئے تعریف ہیں وہ کیا کہنا

حنفی المذہب پکے ہیں اور میر فقیر وہ بیشک ہیں ۔۔۔ خوش سیر چہرہ متبسم اور صورت سے ہیں خضر نما

وہ مظہر لطف و کرم ملجا و ماوٰے اعزیباں راہ نما ۔۔۔ جو انسے ملا انشاء اللہ وہ دونوں جہاں میں خوب رہا

داؤدی لحن کے مالک ہیں متشرع پورے اور سخی! ۔۔۔ سادات کا ایک نمونہ ہیں جیسا کہ کتابوں میں دیکھا گیا

ہیں علم سے مالا مال جناب اور رکھتے ہیں کیا عمدہ کتاب ۔۔۔ سب پاں چکے ہیں کار ثواب جو آپ نے اپنے ذمہ لیا

سنہ ۱۳۴۷

جو رشید نے کوشش وافرہ سے ڈھونڈا سن طبع کتاب ہذا

کیا نور ہدایت خوب چھپا آواز ہوا ہاتف نے کہا

ہجری